SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

Urdu Grade 3

Objective = 10 MCQs (10×2=20 Marks) and Subjective : 30 Marks, Total = 50 Marks , Time = 1 Hour 30 Minutes

School Name: ____________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول:معروضی سوالات

سوال نمبر1:صفاتی لفظ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) بلال نے نماز پڑھی۔ (b) بلال ذہین لڑکا ہے۔ (c) بلال نے اول پوزیشن لی۔ (d) بلال کرکٹ کھیلتا ہے۔

سوال نمبر2:واحد کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) یہ پنسلیں میری ہیں۔ (b) وہ بستہ اُس کا ہے۔ (c) وہ کتابیں تمہاری ہیں۔ (d) یہ کاپیاں ہماری ہیں۔

سوال نمبر3:لفظ "قریب" کا مترادف ہے:

(a) نزدیک (b) اوپر (c) آگے (d) درمیان

سوال نمبر4:درج ذیل میں سے استفہامیہ جملہ ہے:

(a) ماحول کی صفائی ہمارا فرض ہے۔ (b) ماحول کی صفائی ہمارا فرض نہیں ہے۔ (c) کیا ماحول کی صفائی ہمارا فرض ہے؟ (d) ماحول کی صفائی خاص لوگوں کا فرض ہے۔

سوال نمبر5:"وہ کھانا پکاتی ہے۔" کا فعل ماضی میں جملہ ہے:

(a) وہ کھانا پکائے گی۔ (b) وہ کھانا پکا رہی ہے۔ (c) وہ کھانا پکاتی تھی۔ (d) وہ کھانا پکاتی ہوگی۔

پیراگراف ہدایات*

پیراگراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں:

ہاتھی ایک طاقت ور جانور ہے۔ یہ عام طور پر جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ اس کے بڑے بڑے کان ہوتے ہیں۔ ہاتھی کی لمبی ناک کو سونڈ کہتے ہیں۔ ہاتھی اپنی سونڈ سے سونگھنے، خوراک کھانے اور پینے کا کام لیتا ہے۔ وہ اپنی سونڈ سے آواز بھی نکالتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنی سونڈ کو دشمن کے حملوں سے بچنے اور بھاری چیزیں اٹھانے کے لیے بھی استعمال کرتا ہے۔ چڑیا گھر میں ہاتھی کو بچے بہت شوق سے گنے کھلاتے ہیں۔

سوال نمبر6:ہاتھی عام طور پر پایا جاتا ہے:

(a) گھروں میں (b) جنگلوں میں (c) پہاڑوں میں (d) سمندروں میں

سوال نمبر7:عبارت کے لحاظ سے ہاتھی کے کان ہوتے ہیں:

(a) چھوٹے چھوٹے (b) لمبے لمبے (c) موٹے موٹے (d) بڑے بڑے

سوال نمبر8:ہاتھی کی پہچان ہے کہ یہ جانور ہوتا ہے:

(a) چھوٹا سا (b) موٹا سا (c) لمبا سا (d) پتلا سا

سوال نمبر9:عبارت میں موجود لفظ "طاقت ور" کا مطلب ہے:

(a) بوڑھا (b) جوان (c) زور آور (d) قد آور

سوال نمبر10:پیراگراف کا مناسب عنوان ہے:

(a) ہاتھی کی طاقت (b) رہنے کی جگہ (c) ہاتھی کی خوراک (d) ہاتھی کا تعارف

حصہ دوم:انشائیہ سوالات

سوال نمبر11:روزمرہ زندگی میں درختوں کے فوائد پر دس جملے تحریر کریں۔(کل نمبر10)

سوال نمبر12:تصویر میں دیے گئے منظر کو دس مربوط جملوں میں بیان کریں۔(10 نمبر)

سوال نمبر13:سننے کا امتحان:طلبہ کو پیراگراف پڑھ کر سنایا جائے۔ دیے گئے سوالوں کے زبانی جوابات پوچھے جائیں۔ پیراگراف روبرکس میں شامل ہے۔(10 نمبر)